## غزہ حقیقی جہنم میں بدل چکا، قابض اسرائیل کو انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے: ناروے



غزہ: ناروے کے وزیر برائے بین الاقوامی ترقی اسموند اوکروست نے غزہ کی صورت حال کو"ایک حقیقی جہنم" قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ دنیا کو فوری طور پر حرکت میں آکر اس قتل وغارت گری کو روکنا چاہیے اور اس کے ذمہ داروں کا بین الاقوامی عدالت انصاف میں سیاسی اور عسکری سطح پر احتساب کیا جانا چاہیے۔ جنوبی افریقہ سے ایک بین الاقوامی نشریاتی ادارے کو دیے گئے انٹرویو میں اوکروست نے واضح الفاظ میں کہا کہ غزہ کی حالت اب ماضی کے تمام ادوار سے زیادہ ابتر ہو چکی ہے، جہاں قابض اسرائیل کے ظلم وجبر نے بین الاقوامی قوانین کی ہر حد پار کردی ہے۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ ناروے ایک طویل عرصے سے جنگ کے خاتمے اور انسانی امداد کی فوری رسائی کے لیے آواز بلند کرتا رہا ہے، اور اب یورپی ممالک کے ساتھ مل کر مزید مؤثر اور ٹھوس موقف اپنانے کی کوشش کر رہا ہے تاکہ ہر ممکن طریقے سے غزہ کے مظلوموں کی مدد کی جاسکے۔

اوکروست نے کہا کہ وہ یورپ میں بڑھتی ہوئی اس بیداری اور مزاحمت سے پُرامید ہیں جو قابض اسرائیل کے جنگی جرائم کے خلاف سامنے آرہی ہے۔ ان کے مطابق، امریکہ میں جلد ہونے والا اجلاس اہم ثابت ہوگا کیونکہ دنیا دیکھ رہی ہے کہ ایسے مشکل حالات میں یورپ کیا مؤقف اختیار کرتا ہے۔

انہوں نے دنیا کو متنبہ کیا کہ غزہ میں ہر گزرتا لمحہ مزید فلسطینیوں کے لیے خطرہ ہے، کیونکہ وہ ناقابل تصور مظالم کا سامنا کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جنوبی افریقہ میں منعقدہ گروپ ٹوئنٹی اجلاس میں غزہ کا انسانی المیہ سرفہرست موضوع بنا ہوا ہے۔

اوکروست نے مطالبہ کیا کہ ان جرائم کے ذمہ داروں کو فوری طور پر سیاسی اور عسکری سطح پر جواب دہ بنایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ اس سلسلے میں بین الاقوامی عدالت انصاف کی طرف سے قابض اسرائیل کے مظالم کو واضح طور پر جرم قرار دینا انتہائی ضروری ہے۔

ناروے کے وزیر نے اس امر پر بھی سخت اعتراض کیا کہ قابض اسرائیل نے امدادی سامان کی ترسیل وتقسیم کے لیے جو نظام تجویز کیا ہے، وہ کسی طور قابل قبول نہیں۔ انہوں نے اعلان کیا کہ ناروے نے فلسطینی اتھارٹی، انروا اور ان تمام عالمی اداروں کی امداد میں اضافہ کیا ہے جو غزہ میں خوراک، پانی اور دیگر بنیادی اشیائے ضرور یہ پہنچا سکتے ہیں۔

اوکروست نے کہا کہ اس وقت غزہ میں فوری امداد کی فراہمی سب سے زیادہ ضروری ہے اور ناروے فلسطینی عوام کو تنہا نہیں چھوڑے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ ناروے نے فلسطینی ریاست کو باقاعدہ تسلیم کیا ہے اور اب وہ ان کے ساتھ براہ راست کام کر رہا ہے تاکہ وہ اس وحشیانہ جنگ کے نتیجے میں ہونے والی تباہی سے نکل کر دوبارہ اپنی زندگی کو تعمیر کرسکیں۔

## غزہ میں 'تباہ کن انسانی حالات': کینیڈا کی جانب سے اسرائیلی حکومت کی مذمت

### فریقین سے فوری جنگ بندی کا مطالبہ

کینیڈا نے جمعرات کو غزہ میں جاری حالات کو روکنے میں ناکامی پر اسرائیلی حکومت کی مذمت کی جو بقول وزیرِ اعظم مارک کارنی انسانی تباہی ہیں۔ کارنی نے اسرائیل پر یہ بھی الزام لگایا کہ اس نے جنگ زدہ



فلسطینی انکلیو میں شہریوں کو کینیڈین مالی امداد کی فراہمی روک کر بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی کی ہے۔ کارنی نے ایکس پر کہا، "کینیڈا تمام فریقوں سے نیک نیتی کے ساتھ فوری جنگ بندی کے لیے مذاکرات کرنے کا مطالبہ کرتا ہے۔ ہم اپنے مطالبات کا اعادہ کرتے ہیں کہ حماس تمام اسرائیلی قیدیوں کو فوری طور پر رہا کرے اور اسرائیلی حکومت مغربی کنارے اور غزہ کی علاقائی سالمیت کا احترام کرے۔"

## قابض اسرائیل کی دھمکیاں، صحافی انس الشریف کی زندگی خطرے میں

غزہ: صحافیوں کے تحفظ کے لیے کام کرنے والی عالمی تنظیم کمیٹی ٹو پروٹیکٹ جرنلسٹس (CPJ) نے غزہ میں الجزیرہ ٹی وی کے معروف رپورٹر انس الشریف کی زندگی کو لاحق خطرات پر



شدید تشویش کا اظہار کیا ہے۔ یہ خدشات اس وقت سامنے آئے جب قابض اسرائیلی فوج کے ترجمان آویخای ادرعی نے انس الشریف کو کھلے عام قتل کی دھمکی دی۔ کمیٹی نے واضح کیا کہ یہ پہلا موقع نہیں جب انس الشریف کو دھمکیاں دی گئی ہوں، بلکہ وہ پہلے بھی قابض فوج کی براہ راست نشانہ بنانے کی کوششوں کا سامنا کر چکے ہیں۔ کمیٹی نے خبردار کیا کہ ان کی جان اب حقیقی خطرے میں ہے۔ کمیٹی کی مشرق وسطیٰ وشمالی افریقہ کی ریجنل ڈائریکٹر سارہ القضاۃ نے کہا کہ قابض اسرائیلی فوج اب تک الجزیرہ چینل سے وابستہ کم از کم چھ صحافیوں کو شہید کر چکی ہے۔ انہوں نے ترجمان آویخای ادرعی کے انس الشریف کے خلاف حالیہ بیانات کو ان کے قتل کے لیے ایک 'جواز سازی' قرار دیا۔ چند روز قبل آویخای ادرعی نے انس الشریف کو 'حماس کی عسکری مشین کا حصہ' قرار دیا اور کہا کہ وہ 'قتل کا نشانہ بن سکتے ہیں'۔ یہ بیان واضح دھمکی اور صحافیوں کو خاموش کرانے کی ایک دانستہ کوشش ہے۔ جواب میں انس الشریف نے اپنی سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ وہ ایک غیر جانبدار صحافی ہیں، جن کا کسی سیاسی گروہ یا ایجنڈے سے کوئی تعلق نہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ان کی پیشہ ورانہ ذمہ داری صرف سچ کو زمین پر جیسا ہے ویسا ہی دنیا کے سامنے لانا ہے، بغیر کسی تعصب یا جھکاؤ کے۔ انس الشریف کے خلاف ادرعی کی زہر آلود زبان نے سوشل میڈیا پر شدید ردعمل کو جنم دیا، جہاں دنیا بھر کے صحافیوں، انسانی حقوق کے کارکنوں اور عام شہریوں نے انس کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کیا۔ ان کے حق میں آواز اٹھاتے ہوئے کہا گیا کہ یہ دھمکیاں صحافیوں کو خوف زدہ کرنے، سچ کو دبانے اور انسانی حقوق کی کھلی خلاف ورزی کی ایک اور کڑی ہیں۔ یاد رہے کہ انس الشریف وہی صحافی ہیں جو حال ہی میں غزہ کے الشفاء ہسپتال کے باہر ایک قحط زدہ خاتون کو بھوک کے باعث زمین پر گرتے دیکھ کر آن کیمرہ زاروقطار رو پڑے تھے۔ ان کا یہ منظر دلوں کو جھنجھوڑ دینے والا تھا اور غزہ میں جاری انسانی المیے کا جیتا جاگتا ثبوت بن گیا۔

## غزہ میں انسانی امدادی نظام مکمل طور پر تباہ، قابض اسرائیل کی جنگ نے تباہی کی انتہا کردی: انروا



غزہ: اقوام متحدہ کی فلسطینی پناہ گزینوں کی بہبود کی ذمہ دار ایجنسی 'انروا' کے ترجمان عدنان ابوحسنہ نے انتہائی دل سوز الفاظ میں کہا ہے کہ غزہ کی صورت حال مکمل طور پر قابو سے باہر ہو چکی ہے۔ انہوں نے تصدیق کی کہ غزہ میں انسانی امداد کا پورا نظام زمین بوس ہو چکا ہے اور اس وقت لاکھوں انسان زندگی اور موت کی کشمکش میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے واضح کیا کہ یہ انسانی بحران قدرتی آفت نہیں بلکہ قابض اسرائیل کے سیاسی فیصلے کا نتیجہ ہے۔ عدنان ابو حسنہ کا کہنا تھا کہ اگر قابض اسرائیل چاہے تو روزانہ سات سوٹرک غزہ میں داخل ہو سکتے ہیں، مگر دانستہ طور پر انسانی امداد کو روکا جا رہا ہے۔

انہوں نے زور دے کر کہا کہ غزہ کے کراسنگ پوائنٹس کو فی الفور کھولا جائے اور انسانی تنظیموں خصوصاً انروا کو اپنا کام کرنے کی اجازت دی جائے تاکہ کم از کم جانیں تو بچائی جا سکیں۔ دوسری جانب انروا کے کمشنر جنرل فیلیپ لازارینی نے ایک المناک بیان میں کہا کہ غزہ میں قحط نے ہر گھر کی دہلیز پر دستک دے دی ہے، اب کوئی محفوظ نہیں رہا۔ انہوں نے کہا کہ ڈاکٹر، نرسیں، صحافی اور امدادی کارکن سب کے سب شدید بھوک میں مبتلا ہیں۔

لازارینی نے کہا کہ "اب تو وہ لوگ بھی جنہیں دوسروں کی دیکھ بھال کرنی تھی، خود کسی نگہداشت کے محتاج ہو چکے ہیں۔" انہوں نے بتایا کہ کئی افراد بھوک، کمزوری اور تھکن کے باعث دورانِ کام بے ہوش ہو جاتے ہیں۔ کچھ صحافی ہیں جو ظلم وجور کی رپورٹنگ کے دوران گر پڑتے ہیں، کچھ ڈاکٹر ہیں جو اپنی سانسیں بچاتے بچاتے دوسروں کا علاج چھوڑ دیتے ہیں۔

قابض اسرائیل نے 2 مارچ سے غزہ کا مکمل محاصرہ کر رکھا ہے، جس کے نتیجے میں کوئی خوراک، دوا، ایندھن یا امداد اندر نہیں جانے دی جا رہی۔ نتیجتاً پورے علاقے میں قحط، بھوک، پیاس اور بیماریوں نے ڈیرے ڈال لیے ہیں۔ یہ سب کچھ امریکہ کی پشت پناہی میں ہو رہا ہے۔ 7 اکتوبر سنہ 2023ء سے اب تک قابض اسرائیل کی جانب سے جاری درندگی نے غزہ کو مقتل گاہ بنا دیا ہے۔ اب تک 1 لاکھ 98 ہزار سے زائد فلسطینی شہید یا زخمی ہو چکے ہیں، جن میں اکثریت بچوں اور خواتین کی ہے، جبکہ 11 ہزار سے زائد افراد تاحال لاپتہ ہیں۔

## لیجنڈری ریسلر ہلک ہوگن 71 برس کی عمر میں انتقال کر گئے

فلوریڈا: ریسلنگ کی دنیا کے لیجنڈ "ہلک ہاگن" 71 برس کی عمر میں ہارٹ اٹیک کے باعث انتقال کر گئے۔ بین الاقوامی میڈیا رپورٹ کے مطابق ورلڈ ریسلنگ انٹرٹینمنٹ (WWE) کو مقام دلوانے والے مقبول ترین پیشہ ور ریسلر ہلک ہاگن



ہارٹ اٹیک کے باعث جمعرات کے روز امریکی ریاست فلوریڈا میں انتقال کر گئے۔ ٹی ایم زیڈ کی رپورٹ کے مطابق صحت کی ایمرجنسی ہیلپ لائن پر ہارٹ اٹیک کے حوالے سے کال موصول ہوئی جس کے بعد ٹیم کو فلوریڈا کے علاقے کلیئرواٹر کے ایک گھر میں بھیجا گیا۔ میڈیکل ٹیم جب گھر پہنچی تو 71 سالہ بزرگ بے ہوش تھے جنہیں سی پی آر دے کر اسپتال منتقل کیا گیا تاہم وہ جانبر نہ ہوسکے، اسپتال میں اُن کی شناخت لیجنڈ ڈبلیو ڈبلیو ای ریسلر ہلک ہاگن کے نام سے ہوئی۔ ہاگن کا اصل نام "ٹیری جین بولیا" تھا جنہوں نے ریسلنگ کے کیریئر میں متعدد چیمپئن شپ، بیلٹس جیتیں جبکہ ہلک ہاگن نے ریسلنگ کے کھیل کو عالمی سطح پر مقبول بنانے میں بھی اہم اور کلیدی کردار ادا کیا۔ ہلک ہوگن کا اصل نام ٹیری جین بولیا تھا، اُن کی پیدائش 11 اگست 1953 کو آگسٹا، جارجیا میں ہوئی، وہ جلد ہی اپنے خاندان کے ساتھ فلوریڈا منتقل ہو گئے تھے، ہلک ہوگن 1970 کی دہائی میں فلوریڈا کی ریسلنگ دنیا کی طرف مائل ہوئے۔ کہا جاتا ہے کہ ان کے پہلے کوچ نے انہیں کاروبار سے روکنے کے لیے ٹریننگ کے دوران ان کی ٹانگ توڑ دی، لیکن وہ باز نہ آئے، انہوں نے ویٹ لفٹنگ اور انابولک اسٹیرائیڈز سے جسم بنایا اور اپنے بازوؤں کو 24 انچ کے اژدھے کہنے لگے۔

## غزہ میں عمارت میں دھماکے سے 8 صیہونی فوجی زخمی، قابض افواج پر کاری ضرب



غزہ: قابض اسرائیل کے غیر سرکاری ذرائع ابلاغ نے اطلاع دی ہے کہ غزہ کے مشرقی علاقے الشجاعیہ میں ایک عمارت کے اندر دھماکہ ہوا جس کے نتیجے میں عمارت منہدم ہوگئی اور ملبے تلے دب کر قابض اسرائیل کے آٹھ فوجی زخمی ہو گئے۔ بعد ازاں قابض اسرائیلی فوج نے اس واقعے کی تصدیق کرتے ہوئے بتایا کہ شمالی غزہ میں "ایک آپریشنل حادثے" کے دوران اس کے آٹھ فوجی زخمی ہوئے ہیں۔ صیہونی ویب سائٹ "حدشوت بزمن" کے مطابق عمارت کے اندر گولہ بارود کے پھٹنے کے بعد عمارت زمین بوس ہوگئی جس کے نیچے آٹھ فوجی دب گئے۔ زخمیوں میں بعض کی حالت نازک بتائی گئی ہے جنہیں ہسپتال منتقل کر دیا گیا ہے۔ مذکورہ ویب سائٹ نے اس واقعے کو"غیر معمولی، استثنائی اور شدید" قرار دیا اور بتایا کہ قابض فوج نے اس واقعے کی مزید تفصیلات پر نشر کرنے پر پابندی عائد کردی ہے۔ زخمیوں کو مقبوضہ بیت المقدس کے "ہداسا" ہسپتال منتقل کیا گیا۔ اسرائیلی میڈیا نے یہ بھی رپورٹ کیا کہ قابض فوج کی ایک ریسکیو ہیلی کاپٹر نے غزہ سے زخمیوں کو "ہداسا" ہسپتال پہنچایا، جہاں سکیورٹی صورتحال کے پیش نظر سخت پہرہ لگا دیا گیا۔ یہ واقعہ ایسے وقت پیش آیا ہے جب غزہ کی بہادر مزاحمتی تنظیمیں، خصوصاً القسام بریگیڈز، معرکہ "طوفان الاقصیٰ" کے تحت قابض اسرائیل کی جارح افواج کے خلاف جرأت مندانہ مزاحمت جاری رکھے ہوئے ہیں۔ نہ صرف قابض فوج کو افرادی نقصانات کا سامنا ہے بلکہ اس کی عسکری گاڑیاں اور تنصیبات بھی مسلسل حملوں کی زد میں ہیں۔

## غزہ سے جبری طور پر لاپتا کیے گئے دس کمسن بچے قابض اسرائیلی قید سے رہا

غزہ: قابض اسرائیلی افواج نے جمعرات کی شام جنوبی غزہ کے علاقے رفح سے تعلق رکھنے والے دس کمسن فلسطینی بچوں کو کئی ہفتوں تک حراست میں رکھنے کے بعد رہا کر دیا۔ مقامی ذرائع نے مرکز اطلاعات فلسطین کو بتایا کہ ان بچوں کو قابض اسرائیلی فوج نے شمالی رفح کے علاقے میں موجود ایک امدادی مرکز کے قریب سے اس وقت اغوا کیا تھا جب وہ انسانی امداد حاصل کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ انہیں کئی ہفتے قید میں رکھنے کے بعد کرم ابو سالم کے راستے واپس غزہ میں داخل ہونے دیا گیا۔ ذرائع کے مطابق جن بچوں کو رہا کیا گیا ان میں عماد مصطفیٰ محمد ابوطیمہ، محمود عصام محمود



ابوحدید، مؤمن ہانی عبدالعزیز ابوہجرس، ہلال ابراہیم منصور البشیطی، کرم حمدی عبدالرحمن حسین، فارس سلیمان صالح ابوجزر، قصی کائد توفیق الزازا، احمد محمد فضل الحلو، معاذ سید سالم اور عمر نزار عصفور۔ ان معصوم بچوں کو ایسے وقت میں گرفتار کیا گیا جب وہ صرف خوراک، پانی اور طبی امداد کے حصول کے لیے نکلے تھے۔ ان پر کوئی الزام نہیں لگایا گیا اور نہ ہی انہیں قانونی تحفظ دیا گیا۔ دوران حراست ان کے ساتھ غیر انسانی سلوک کیا گیا جو بین الاقوامی انسانی قانون اور بچوں کے حقوق کے عالمی اصولوں کی کھلی خلاف ورزی ہے۔ یہ واقعہ قابض اسرائیل کی جانب سے فلسطینی بچوں کو بطور ہدف بنانے کی ایک اور بھیانک مثال ہے۔ انسانی حقوق کے عالمی ادارے بارہا خبردار کر چکے ہیں کہ قابض ریاست نہ صرف بچوں کو گرفتار کر رہی ہے بلکہ انہیں ذہنی وجسمانی تشدد، بھوک اور خوف کے ماحول میں رکھنے جیسے غیر انسانی مظالم کا نشانہ بھی بنا رہی ہے۔ ان بچوں کی رہائی ایک وقتی راحت ضرور ہے، مگر سوال یہ ہے کہ انہیں آخر کیوں گرفتار کیا گیا؟ اور ان کے ساتھ جو اذیت ناک سلوک کیا گیا اس کا کون ذمہ دار ہے؟ عالمی برادری کی خاموشی ان مظالم میں شراکت داری کے مترادف بنتی جارہی ہے۔

## غزہ میں ایک اور معصوم بچی بھوک سے شہید، قحط کا شکار بن کر شہید بچوں کی تعداد 76 سے تجاوز کر گئی



غزہ: غزہ کی محصور اور زخم خوردہ سرزمین پر آج ایک اور دل دہلا دینے والا المیہ رونما ہوا، جب بھوک اور غذائی قلت کے باعث ایک معصوم فلسطینی بچی نور ریاض اخزیق، نے دم توڑ دیا۔ جمعرات کی شام غزہ کے الشفاء ہسپتال نے اس معصوم شہید بچی کی موت کی تصدیق کی۔ نور کی شہادت اس ہولناک سلسلے کی ایک اور کڑی ہے جو قابض اسرائیل کی طرف سے مسلط کردہ محاصرے، بھوک، دوا کی عدم دستیابی اور صحت کی سہولتوں کے شدید فقدان کا نتیجہ ہے۔ فلسطینی وزارت صحت کی تازہ ترین رپورٹ کے مطابق، غزہ میں غذائی قلت اور بھوک کے باعث شہید ہونے والے بچوں کی تعداد 76 سے بڑھ چکی ہے، جب کہ مجموعی طور پر 620 مریض خوراک اور دوا کی کمی کے باعث اپنی جانیں گنوا چکے ہیں۔

غزہ کے ہسپتال، بالخصوص ایمرجنسی یونٹس، بے یارومددگار مریضوں سے بھر گئے ہیں۔ ان میں مرد، خواتین، بچے اور بوڑھے سب شامل ہیں، جو شدید کمزوری، فاقہ کشی اور ہڈیوں کی مانند جھریوں میں لپٹی کھال لیے زندگی کی آخری سانسیں لے رہے ہیں۔ بھوک نے ان کے جسموں کو کھوکھلا کر دیا ہے، اور ان کے چہروں پر موت کا سایہ صاف دکھائی دیتا ہے۔ فلسطینی وزارت صحت نے ایک بار پھر عالمی ضمیر کو جھنجھوڑتے ہوئے خبردار کیا ہے کہ غزہ میں قحط اب مکمل تباہی کی صورت اختیار کر چکا ہے، جو دو ملین سے زائد انسانی جانوں کو براہ راست خطرے میں ڈال رہا ہے۔ وزارت نے واضح کیا کہ قابض اسرائیل کی طرف سے خوراک اور دوا کے داخلے پر مسلسل پابندی نے صورتحال کو ناقابل برداشت بنا دیا ہے۔ یہ محاصرہ 140 سے زائد دنوں سے جاری ہے۔ مارچ کے آغاز سے، جب قابض اسرائیل نے غزہ کے تمام زمینی راستے بند کر دیے، یہ قحط روز بروز شدت اختیار کرتا جا رہا ہے۔ خوراک، ادویات، ایندھن اور دیگر ضروری اشیائے زندگی کی ترسیل روک کر قابض ریاست فلسطینی قوم کو اجتماعی طور پر ختم کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے، جو پچھلے 21 ماہ سے مسلسل جاری نسل کشی کی خونریز مہم کا حصہ ہے۔

اس وقت غزہ میں خوراک کے ذخائر مکمل طور پر ختم ہو چکے ہیں۔ بازار خالی پڑے ہیں، روٹی کا ایک ٹکڑا تلاش کرنا خواب بن چکا ہے، اور جو تھوڑا بہت سامان دستیاب ہے وہ بلیک مارکیٹ میں ایسے ناقابل تصور نرخوں پر بیچا جا رہا ہے کہ عام فلسطینی کے لیے وہ محض ایک حسرت بن کر رہ گیا ہے۔

میدان جنگ سے زیادہ دردناک مناظر اب غزہ کی گلیوں میں دیکھے جا سکتے ہیں، جہاں فاقہ زدہ بچے، خواتین اور بزرگ بھوک سے نڈھال ہو کر سڑکوں پر گر جاتے ہیں۔ صحافیوں اور سوشل میڈیا کارکنان نے ایسی دل چیر دینے والی تصاویر اور ویڈیوز نشر کی ہیں جن میں بھوک سے بلکتے بچوں کی ہچکیاں، ماؤں کے بے بسی سے بہتے آنسو اور بزرگوں کی خاموش آہیں پوری دنیا کے ضمیر کو جھنجھوڑنے کے لیے کافی ہیں۔

## غزہ کو بھوکا مارنے کی سازش میں خاموش حکومتیں برابر کی مجرم ہیں: عبدالملک الحوثی

صنعاء: یمن میں "انصار اللہ" تحریک کے سربراہ عبدالملک بدرالدین الحوثی نے کہا ہے کہ غزہ میں قابض اسرائیل کی طرف سے عام شہریوں، بالخصوص حاملہ خواتین اور ضعیف العمر افراد پر ڈھائے



جانے والے مظالم پوری انسانیت کے چہرے پر بدنما داغ ہیں۔ انہوں نے ان مظالم کو بے مثال درندگی قرار دیتے ہوئے عرب اور مسلم حکومتوں پر سنگین الزام عائد کیا کہ ان کی خاموشی اور چشم پوشی غزہ کے عوام کو دانستہ قحط کا شکار بنانے میں مجرمانہ شراکت داری ہے۔ عبدالملک الحوثی نے ایک بیان میں کہا کہ قابض صیہونی فوج جو اپنے آپ کو فوج کہتی ہے، بچوں کو قتل کرنے کے ویڈیوز اس انداز میں جاری کرتی ہے جیسے وہ کھیل اور تفریح کا سامان ہوں۔ انہوں نے سوال اٹھایا کہ بچوں کے حقوق، انسانی حقوق اور وہ تمام نعرے جو مغربی دنیا بلند کرتی ہے، وہ سب کہاں چھپ گئے ہیں؟ کیا انسانیت کا معیار صرف مخصوص قوموں کے لیے ہے؟ انہوں نے کہا کہ غزہ میں حاملہ خواتین اور بزرگوں کی حالت زار دل دہلا دینے والی ہے۔ روزانہ درجنوں خاندان نیست ونابود ہو رہے ہیں۔ عبدالملک الحوثی کے بقول، جو کچھ غزہ میں ہو رہا ہے وہ انتہائی وسیع پیمانے پر ہولناک نسل کشی ہے۔ انہوں نے عالمی برادری سے اپیل کی کہ وہ خاموشی توڑے اور قابض اسرائیل کے جرائم پر کارروائی کے لیے فوری اقدامات کرے۔ انہوں نے مزید کہا کہ "ہم قابض دشمن کو سخت جواب دینے کے لیے مزید اقدامات پر غور کر رہے ہیں، اور اپنی عسکری صلاحیتوں کو اس حد تک بڑھانا چاہتے ہیں کہ دشمن کو بھاری قیمت چکانا پڑے"۔ حوثی رہنما نے کہا کہ فلسطینی عوام کی نصرت کے لیے ہم راستے کھولنے اور امداد پہنچانے کی ہر ممکن کوشش کر رہے ہیں اور ہمیں امید ہے کہ ہم اس مقصد میں کامیاب ہوں گے"۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ جب سے انصار اللہ نے غزہ کی مزاحمت کی عملی حمایت کا آغاز کیا ہے، اب تک 1679 آپریشن کیے جا چکے ہیں، جن میں بیلسٹک میزائل حملے، ڈرون حملے اور بحری جہازوں کے ذریعے حملے شامل ہیں۔ ادھر قابض اسرائیلی ریاست کا ظلم بدستور جاری ہے۔ آج غزہ پر مسلسل 657 ویں روز بمباری کی گئی، جس میں سینکڑوں فلسطینی شہید یا زخمی ہوئے۔ قابض اسرائیل نہ صرف بموں، گولیوں اور ڈرونز سے حملہ آور ہے بلکہ "قحط" اور "پیاس" کو بھی جنگی ہتھیار کے طور پر استعمال کر رہا ہے تاکہ غزہ کے عوام کو اجتماعی طور پر موت کے گھاٹ اتارا جاسکے۔

## مصر کی دینی درس گاہ جامعہ الازھر نے کس کے دباؤ پر غزہ کی حمایت میں اپیل واپس لی؟



قاہرہ: عالم اسلام کی عظیم مذہبی درسگاہ جامعہ ازہر کی جانب سے غزہ میں جاری قتل عام اور قحط کے خلاف عالمی برادری کو پکارنے والی اپیل ہٹائے جانے کے بعد مصر سمیت پورے عالم عرب میں غم وغصے کی لہر دوڑ گئی ہے۔ سوشل میڈیا پر اس فیصلے کے خلاف شدید ردعمل سامنے آیا ہے اور مختلف حلقے یہ سوال اٹھا رہے ہیں کہ آخر اس بیان کو ہٹانے کی وجہ کیا ہے؟ کیا یہ فیصلہ کسی سیاسی دباؤ کے تحت کیا گیا؟۔

یہ وہی بیان تھا جس میں ازہر شریف نے غزہ میں جاری صیہونی مظالم کو "ایک بے مثال قتل عام" قرار دیا تھا اور کہا تھا کہ جو بھی قابض اسرائیل کی ہتھیاروں سے یا سیاسی فیصلوں کے ذریعے حمایت کرتا ہے، وہ فلسطینی قوم کی نسل کشی میں براہ راست شریک ہے۔

جامعہ الازہر کے اس بیان میں کہا گیا تھا کہ دنیا کا انسانی ضمیر کڑی آزمائش سے گذر رہا ہے، کیونکہ فلسطینیوں کو جان بوجھ کر قتل کیا جا رہا ہے اور انہیں دانستہ بھوکا رکھا جا رہا ہے۔

بیان میں مزید کہا گیا تھا کہ "ہم اپنی دکھی صدا بلند کرتے ہیں اپنا غمزدہ نالہ پیش کرتے ہیں، تاکہ دنیا کے باضمیر، آزاد اور عقلمند انسان غزہ کے مظلوموں کو اس ہولناک قحط سے بچانے کے لیے اٹھ کھڑے ہوں، جو قابض اسرائیل نے ظلم، جبر اور وحشیانہ طاقت کے ذریعے مسلط کر رکھا ہے، جس کی مثال تاریخ میں نہیں ملتی"۔ مگر یہ آواز، جو ابھی مکمل طور پر گونجی بھی نہ تھی، اچانک جامعہ کی سرکاری ویب سائٹ اور دیگر پلیٹ فارمز سے ہٹا دی گئی، جس کے بعد متعدد صحافیوں، محققین اور سماجی کارکنوں نے ازہر کی خودمختاری پر سوال اٹھائے۔ سوشل میڈیا پر یہ بات موضوع بحث بنی رہی کہ کیا ازہر واقعی آزاد مذہبی ادارہ ہے یا اب وہ بھی سیاسی اثر ورسوخ کے زیر اثر آچکا ہے؟۔

قطر کے الجزیرہ چینل سے وابستہ فلسطینی صحافی تامر مسحال نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے لکھا کہ "جامعہ الازہر کی جانب سے غزہ کے حق میں کی گئی اپیل چند منٹ بھی نہ ٹک سکی، اسے فوری ہٹا دیا گیا!!"

ازہری محقق ڈاکٹر محمد الصغیر نے اس بیان کو حق گوئی کی صدا قرار دیا اور افسوس سے سوال کیا: "کیا ہم اب ایسے دور میں داخل ہو چکے ہیں جہاں صرف زبان بند کرنا ہی کافی نہیں رہا بلکہ ضمیر کی بھی گردن دبا دی گئی ہے؟"

سماجی کارکن ہیثم ابوخلیل کا کہنا تھا کہ بیان کا ہٹایا جانا اس بات کا ثبوت ہے کہ جامعہ الازہر اب ایک خودمختار ادارہ نہیں رہا۔ ان کے مطابق اس بیان نے واضح طور پر ان طاقتوں کو بے نقاب کیا جو غزہ کو بھوکا مارنے کی ذمہ دار ہیں۔ اسی لیے اسے فوراً غائب کر دیا گیا۔ مصری نژاد سماجی کارکن حیات الیمانی نے قابض اسرائیل کے بائیں بازو کی جانب سے تل ابیب میں غزہ کے لیے خوراک فراہم کرنے کے مطالبے پر ہونے والے مظاہرے کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا کہ "مظلوم اقوام آواز بلند کر رہی ہیں، جب کہ عرب دنیا کے مذہبی ادارے خاموشی کی چادر اوڑھے بیٹھے ہیں!"

مصری صحافی حمد باخشوین نے لکھا کہ "اب تو اہل غزہ کے لیے لفظی اظہار یکجہتی بھی عرب اور مسلم اقوام پر حرام ہو گیا ہے! یہ کمزوری نہیں، ذلت ہے، رسوائی ہے، غلامی ہے۔ کیا یہ امت کے علما کی زبان ہے، یا وہ گہرائی جو آج کی دنیا میں حق اور عزت کی آواز بننے سے قاصر ہے؟" جب یہ تنازع ہر طرف پھیل گیا تو جامعہ الازہر کے میڈیا سینٹر نے وضاحت جاری کرتے ہوئے کہا کہ بیان واپس لینے کا فیصلہ "شرعی اور قومی ذمہ داری" کے تحت لیا گیا ہے تاکہ غزہ میں انسانی بنیادوں پر جاری جنگ بندی مذاکرات کو کامیاب بنایا جا سکے۔

بیان میں کہا گیا کہ جامعہ الازہر کی میڈیا ٹیم نے غزہ کی صورت حال پر جاری کیے گئے بیان پر سوشل میڈیا پر آنے والے تبصروں کا بغور جائزہ لیا ہے۔ ازہر نے اپنے اوپر اللہ تعالیٰ کی طرف سے عائد کردہ ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے، اور امتِ عرب ومسلم بالخصوص اہل غزہ کی نصرت کے تقاضے کے تحت، اس بیان کو ہٹانے کا فیصلہ کیا"۔

جامعہ نے مزید کہا کہ انہوں نے یہ قدم خالص نیت اور دینی ذمہ داری کے تحت اٹھایا تاکہ غزہ کے معصوموں کو بچانے کے لیے جاری مذاکرات کسی قسم کی رکاوٹ یا بہانے کا شکار نہ ہوں۔ ساتھ ہی اس امید کا اظہار کیا گیا کہ یہ مذاکرات خونریزی کے سیلاب کو روکنے اور زندگی کی بنیادی سہولتوں کی فراہمی کا ذریعہ بنیں گے۔ جامعہ الازہر نے اپنے اختتامی بیان میں دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اہل غزہ کو مزید صبر، استقامت اور سکون عطا فرمائے، اور انہیں اپنی حفاظت میں رکھے۔

دوسری جانب معروف اخبار "العربی الجدید" نے باوثوق ذرائع کے حوالے سے انکشاف کیا کہ جامعہ ازہر کے سربراہ ڈاکٹر احمد الطیب کو مصر کے اعلیٰ سرکاری اداروں سے براہ راست فون کالز موصول ہوئیں، جن میں انہیں خبردار کیا گیا کہ ان کی اپیل جاری سفارتی کوششوں کو متاثر کرسکتی ہے۔

ان ذرائع کے مطابق مصر کی سرکاری میڈیا یا سروسز کمپنی سمیت دیگر نیوز ویب سائٹس کو فوری طور پر بیان ہٹانے کی ہدایت دی گئی، یہ کہہ کر کہ بیان "ترمیم کے عمل" سے گزر رہا ہے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ بیان دوبارہ منظر عام پر نہ آسکا۔

"العربی الجدید" کے مطابق، ازہر کا اس اقدام کو قبول کرنا ایک غیر معمولی نظیر ہے، کیونکہ ماضی میں ازہر نے فلسطینی کاز کے حق میں ہمیشہ دوٹوک موقف اختیار کیا ہے۔ اب کے بار، یہ بات کھل کر سامنے آگئی کہ ازہر نے سیاسی مفاد کو اپنی اصولی پوزیشن پر ترجیح دی، حالانکہ اس کے ابتدائی بیان میں قابض اسرائیل اور اس کے اتحادیوں کو غزہ میں ہونے والی انسانی تباہی کا براہ راست ذمہ دار قرار دیا گیا تھا۔

یہ واقعہ اس بڑے سوال کو دوبارہ جنم دیتا ہے کہ آیا ازہر شریف اب بھی ایک آزاد مذہبی ادارہ ہے یا نہیں، خاص طور پر ایسے دور میں جب ریاست نے میڈیا اور مذہب دونوں پر اپنی گرفت کو مزید سخت کر لیا ہے، تاکہ عوامی بیانیہ کو اپنے سیاسی اور سفارتی مفاد کے مطابق ڈھالا جاسکے۔

روزنامہ صحافت اردو ویب ایڈیشن برمنگھم (یو. کے.) کو پبلشر نغمہ امیر نے ٹیڈنگٹن گرو پیری بار برمنگھم بی۔42 آئی آر جی یو. کے. سے شائع کیا۔ پروپرائٹر وگروپ ایڈیٹر: امان عباس، ریزیڈینٹ ایڈیٹر: امیر مہدی، بیورو چیف: نغمہ امیر، ای۔میل: Naghmaamir@rediffmail.com، موبائل نمبر: 386368 7897 44+

قارئین کو مشورہ: "صحافت" میں چھپے ہوئے مضامین اور مراسلات میں ظاہر کئے گئے خیالات سے ایڈیٹر، نیوز ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر، پروپرائٹر کا متفق اور جواب دہ ہونا ضروری نہیں ہے۔ صحافت میں شائع ہونے والے کسی بھی اشتہار کے مواد اور دعوؤں کے بارے میں ادارہ صحافت ذمہ دار نہیں ہوگا، اس کی کل ذمہ داری اشتہار دہندہ کی ہوگی۔